# فیصل آباد بورڈ 2018ء (دوسرا گروپ)

رول نمبر (ہندسوں میں) ________ رول نمبر (لفظوں میں) ________ دستخط ناظم امتحان: ________

کل نمبر: 60 انشائی طرز (حصہ اوّل) وقت: 2:10 گھنٹے

**سوال 2: کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے:** 5×2=10

(i) قرآن پاک کے مطابق چار عقائد کے نام تحریر کیجیے۔ (ii) قرآنی قصص کے مقاصد تحریر کیجیے۔

(iii) تعوذ اور تسمیہ کا مفہوم تحریر کیجیے۔ (iv) قرآن مجید کو قیامت تک اسلام کا معجزہ قرار دیا گیا ہے۔ وضاحت کیجیے۔

(v) حضرت محمد ﷺ کی ذات اقدس ہی ایک جامع اور کامل ہستی ہے۔ مختصر نوٹ تحریر کیجیے۔

(vi) ہدایت اور رہنمائی کا مفہوم بیان کیجیے۔ (vii) حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے والد اور والدہ کا نام تحریر کیجیے۔

(viii) قرآن مجید نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھیوں کو کیا کہا ہے؟

**سوال 3: کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے:** 5×2=10

(i) ترجمہ کیجیے: لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا

(ii) معنی تحریر کیجیے: ضَلَالٍ - مُبِيْنٌ (iii) دنیا کا پہلا تحریری دستور کون سا ہے؟ اس کی کوئی ایک شق لکھیے۔

(iv) حدیث میں بیان کردہ منافق کی دو علامات تحریر کیجیے۔ (v) یہودیوں کا قلع قمع کیسے ہوا؟

(vi) عہد نامہ حدیبیہ کی وضاحت کیجیے۔ (vii) ہجرت مدینہ میں آپ ﷺ کے ساتھ کون تھے؟

(viii) کلمہ کیا ہے؟ اس کی تین مثالیں لکھیے۔

**سوال 4: کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے:** 5×2=10

(i) سورۃ التوبہ میں بیان کی گئی حضور اکرم ﷺ کی دو صفات لکھیے۔ (ii) معنی لکھیے: شَاهِدًا ، مُبَشِّرًا

(iii) ترجمہ کیجیے: خَيْرُ النَّاسِ مَنْ اَنْفَعُهُمْ لِلنَّاسِ (iv) خطبہ حجۃ الوداع کا موضوع کیا تھا؟

(v) نبی کریم ﷺ کی تعلیمات کو کتنے شعبوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے؟ دو کے نام بھی تحریر کیجیے۔

(vi) ختم نبوت سے کیا مراد ہے؟ (vii) کفار بتوں کی پوجا کیوں کرتے تھے؟

(viii) الصادق اور الامین کے معنی تحریر کیجیے۔

## (حصہ دوم)

**سوال 5: درج ذیل قرآنی آیات میں سے دو کا ترجمہ اور تشریح کیجیے:** 5,5

(الف) هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ O

(ب) مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۗ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ۔

(ج) يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا O

**سوال 6: درج ذیل احادیث میں سے کسی ایک کا ترجمہ اور مختصر تشریح کیجیے:** 5

(الف) رَاْسُ الْحِكْمَةِ مَخَافَةُ اللّٰهِ۔

(ب) اِنَّ اَكْمَلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا۔

**سوال 7: درج ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ تحریر کیجیے۔** 5,5

(الف) حضرت نوح علیہ السلام کی تبلیغی کوششیں

(ب) حضور ﷺ کی دعوت عام (ج) حضور ﷺ کا دشمنوں کے ساتھ حسن سلوک

**سوال 8: درج ذیل میں سے کسی ایک کا جواب تحریر کیجیے:** 5

(الف) فعل کی تعریف کیجیے اور عربی میں اس کی دو مثالیں دیجیے۔

(ب) ترکیب سے کیا مراد ہے؟ عربی میں دو مثالیں بھی دیجیے۔

www.ilmkidunya.com